کعبہ معظمہ کے سامنے نماز ادا کرنے میں نظر کہاں رکھے؟

مجیب: مولانا محمد علی عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-2363

تاریخ اجراء: 29 جمادی الثانی 1445ھ / 12 جنوری 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

نمازی حالتِ قیام میں نگاہ سجدہ کی جگہ رکھتا ہے، لیکن جو شخص کعبہ شریف کے عین سامنے نماز ادا کر رہا ہو، وہ بھی اپنی نگاہ سجدہ کی جگہ رکھے گا یا پھر وہ کعبہ شریف کو دیکھے گا، اس کے لئے زیادہ بہتر کیا ہے؟

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

آدابِ نماز میں سے ہے کہ نمازی حالتِ قیام میں سجدہ کی جگہ نظر رکھے، حالتِ رکوع میں قدموں کی پشت پر، سجدہ میں ناک پر اور حالتِ قعدہ میں اپنی گود پر نگاہ رکھے اور یہ حکم مطلق ہے، لہٰذا جو شخص کعبہ شریف کے سامنے نماز پڑھے، وہ بھی ان آداب کا خیال رکھتے ہوئے حالتِ قیام میں نگاہ سجدہ کی جگہ ہی رکھے کہ اس میں خشوع و خضوع برقرار رہے گا، ورنہ سامنے دیکھنے پر آمد و رفت کی وجہ سے خشوع و خضوع باقی نہ رہے گا۔

در مختار میں ہے: ”(ولها آداب نظره الی موضع سجوده حال قيامه والی ظهر قدميه حال ركوعه والی ارنبة انفه حال سجوده والی حجره حال قعوده والی منكبه الايمن والايسر عند التسليمة الاولی والثانية“ ترجمہ: نماز کے چند آداب ہیں، (ان میں سے یہ بھی ہے کہ) حالتِ قیام میں نظر سجدہ کی جگہ ہو، رکوع میں قدموں کی پشت پر، سجدہ میں ناک کے بانسے پر، قعدہ میں گود پر، پہلے سلام کے وقت دائیں کندھے پر اور دوسرے سلام کے وقت بائیں کندھے پر نظر ہو۔

اس کے تحت ردالمحتار میں ہے: ”لان المقصود الخشوع۔۔وفي ذلك حفظه عن النظر الی ما يشغله وفي اطلاقه شمول المشاهد للكعبة، لانه لا يامن ما يلهيه“ ترجمہ: ان تمام سے مقصود خشوع حاصل کرنا ہے۔۔۔ اور اس میں نظر کو مصروف کر دینے والی چیزوں سے محفوظ رکھنا ہے اور اس مطلق حکم میں کعبہ کے سامنے

نماز پڑھنے والا بھی شامل ہے، کیونکہ وہاں بھی ایسی شے سے حفاظت مشکل ہے جو نماز سے توجہ ہٹا دے۔(ردالمحتار علی الدرالمختار، کتاب الصلوۃ، جلد2، صفحہ 214، مکتبہ حقانیہ، پشاور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net